| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

## سبق کا نام: مذہبی تہوار

### حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ مسلمان عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کیوں اور کیسے مناتے ہیں؟

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو تہوار کا مطلب بتائیں ''خوشی کا دن''۔ انھیں بتائیں ہر مذہب کے ماننے والوں کے مخصوص عقیدے اور رسم و رواج ہوتے ہیں۔

ہمارے مذہبی تہواروں میں عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور عید میلاد النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نمایاں ہیں۔

طلبہ کو بتائیں آج ہم عیدالفطر کے بارے میں پڑھیں گے۔

### طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 17 کھولنے کی ہدایت کریں، اس صفحے پر متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے مطالب واضح کریں۔
- طلبہ کو عیدالفطر کا تعارف کرواتے ہوئے بتائیں مسلمان رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد مذہبی تہوار عیدالفطر جوش و جذبے سے مناتے ہیں۔ عیدالفطر کو چھوٹی عید بھی کہا جاتا ہے اور یہ عالمِ اسلام کا مذہبی تہوار ہے۔ جسے ہر سال یکم شوال کو بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں عید کے معنی خوشی، فرحت اور جشن کے ہیں جبکہ فطر کے معنی روزہ کھولنے کے ہیں۔ یعنی عیدالفطر کے دن روزوں کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور رمضان المبارک کے مہینے میں کی گئی عبادت کا ثواب اللہ تعالیٰ عیدالفطر کی صورت میں عطا کرتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں اس دن مسلمان عید کی نماز پڑھنے کے بعد اپنے دوستوں اور رشتے داروں سے ملتے ہیں۔ بچے اپنے بڑوں سے عیدی لیتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں فطرانہ ایک خاص رقم ہے جو عید الفطر کے موقع پر غریب اور نادار طبقے کو دیا جاتا ہے تا کہ وہ بھی عید کی خوشیوں ہمارے ساتھ شامل ہو سکیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| انعام | اِن۔عام | تحفہ |
| تہوار | تہَ۔وار | خوشی کا دن |
| فہرست | فہ۔رِست | چیزوں کی تفصیل |
| موقع | مو۔قع | خاص وقت/مقام |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں اور جانچیں کہ انھیں کس حد تک سبق کی سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے دوست کے لیے مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر کی مدد عید کارڈ بنائیں اور دوست کو دیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: مذہبی تہوار |
|---|---|---|

**دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| چھوٹی عید | خوشی کا دن | تہوار | یکم شوال | روزے |
|---|---|---|---|---|

۱۔ تہوار سے مراد ہے ____________۔

۲۔ عیدالفطر ____________ کو منائی جاتی ہے۔

۳۔ مسلمان بڑے مذہبی جوش و خروش سے ____________ مناتے ہیں۔

۴۔ عیدالفطر کو میٹھی عید یا ____________ بھی کہتے ہیں۔

۵۔ عیدالفطر ماہِ رمضان کے ____________ مکمل ہونے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں پر انعام ہے۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 6 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: مذہبی تہوار

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں مسلمان عید الفطر اور عید الاضحیٰ کیوں اور کیسے مناتے ہیں؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں تہوار کسی بھی قوم کی علامت اور پہچان ہوتے ہیں ان سے قوم کی ثقافت اور مذہب کی عکاسی ہوتی ہے۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے مذہبی تہواروں میں عید الاضحیٰ کو دین اسلام میں بہت قدر و منزلت حاصل ہے کیونکہ اس عید کا تعلق تاریخِ اسلام کے ایک عظیم واقعہ سے وابستہ ہے دراصل یہ عید حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اسوۂ حسنہ کی تائید ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر "عید الاضحیٰ" کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عید الاضحیٰ ہر سال 10 ذوالحجّہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سنّت کو تازہ کرنے کے لیے منائی جاتی ہے۔ یہ دن ہر مسلمان کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس عید کو بڑی عید اور عیدِ قربان بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس دن اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربانی دی جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں مسلمان عید کی نماز پڑھنے کے بعد جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔
- جن جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے ان کے نام، تختہ تحریر پر لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں قربانی کے گوشت میں غریبوں، اپنے دوستوں اور احباب کا حصّہ بھی رکھا جاتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف معاشرے میں بھائی چارے کو فروغ ملتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بھی حاصل ہوتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| قربانی | قُر۔ با۔ نی | ذِبح۔ حلال |
| راہ | راہ | راستہ |
| تقسیم | تَق۔ سیم | حصّہ کرنا۔ بانٹنا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے سبق سے متعلق سوالات پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

آپ عیدالاضحیٰ کا تہوار کیسے مناتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
| --- | --- | --- |
| **نام:____________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: مذہبی تہوار** |

**ا۔ عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟**

____________________________________________

**۲۔ عیدالاضحیٰ میں کن جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے؟**

____________________________________________

**۳۔ قربانی کا گوشت کن لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟**

____________________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 6 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: مذہبی تہوار

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں مسلمان عید الفطر اور عید الاضحیٰ کیوں اور کیسے مناتے ہیں؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا تعارف لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں میلاد النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ مسلمانوں کا ایک مقدس مذہبی تہوار ہے۔ یہ دن حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی ولادت کی مناسبت سے مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے سے منایا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 18 سے میلاد النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ربیع الاوّل کا مہینا مسلمانوں کے نزدیک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ ۱۲ ربیع الاوّل کو اس دنیا میں تشریف لائے۔ اس خاص دن کی نسبت سے تمام مسلمان اپنے اپنے انداز میں خوشی مناتے اور اپنے رب کی رحمت کا شکر ادا کرتے ہیں۔
- اس موقع پر گلیوں اور محلّوں کو برقی قمقموں سے سجایا جاتا ہے، درود و سلام کی محفلیں سجائی جاتی ہیں اور نوافل اور شب بیداری کا اہتمام کیا جاتا ہے۔
- الغرض یہ دن تمام عالمِ اسلام کے لیے عظیم خوشی کا دن ہے۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ ہمیں اس دن کو مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے سے منانا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عقیدت | عَ۔قی۔دَت | ایمان |
| شان | شان | عظمت |
| احترام | اِح۔تے۔رام | عزّت |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے سوال پوچھیں:

مسلمان میلاد النبی ﷺ کس طرح مناتے ہیں؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیت عامہ** | **سبق: مذہبی تہوار** |

**سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

ا۔ مسلمان میلاد النبی ﷺ کس مہینے میں مناتے ہیں؟

______________________________________________

۲۔ آپ میلاد النبی ﷺ کیسے مناتے ہیں؟ تین جملے لکھیں۔

______________________________________________